Semester II CC-6

شخصیت کے اظہار کا بہترین وسیلہ ادب ہے۔ حافظ کی شاعری بھی ان کی زندگی کی آئینہ دار ہے وہ زندگی کے ہر مرحلہ میں امن و سکون اور فارغ البالی سے محروم رہے، یتیمی کا داغ، تلاش معاش ملک و قوم کی زبوں حالی کے احساس نے زندگی کے بارے میں ان کا نقطۂ نظر منفی بنا جس کا اظہار بچپن سے ہی ان کی شاعری میں ہونے لگا دوسری طرف فوج کی ملازمت کے دوران انگریزوں کی وحشت و بربریت کو انھوں نے شدت سے محسوس کیا اور قوم و وطن کے درد نے ان کو قومی شاعر بنا دیا اسطرح حافظ کی پوری شاعری غم و الم کی ترجمان بن گئی۔ اس ترجمانی کی خوبی یہ ہے کہ اس میں انفرادیت اجتماعیت میں ضم ہو گیا شاعر اپنی شکستہ حالی کو ملک و قوم کی بدحالی سے الگ نہیں سمجھتا۔ یہی وہ راز ہے جس نے حافظ کو مصر کا عظیم قومی شاعر بنا دیا اور اس میدان میں بلاشبہ ان کا مرتبہ شوقی سے بلند تر ہے۔

Scanned with CamScanner